جدول اجتماعِ ذکر و نعت
شب براءت

11-May-2017

جدولِ اجتماعِ ذکر و نعت شبِ براءَت

#	وقتِ آغاز اجتماع	09:41 بعدِ عشاء
1	تلاوت	7منٹ
2	حمد	10منٹ
3	نعت خوانی	2 گھنٹے 30منٹ
4	**موت اور قبر کی تیاری** (المدینۃ العلمیہ والا بیان)	92منٹ
5	اعلانات	10منٹ
6	**کلامِ امیرِ اہلسنت:** آخرت کی کرو جلد تیاریاں!!!	10منٹ
7	ذکر	5 منٹ
8	دعا	7منٹ
9	صلوٰۃ و سلام	5 منٹ

۞ **مدنی مراکز فیضانِ مدینہ اور مساجدِ دعوتِ اسلامی** (اور جن مساجدِ اہلسنّت میں ممکن ہو) میں **نمازِ مغرب** کے فوراً بعد درج ذیل **6 نوافل** کی ترکیب کی جائے۔

نمازِ مغرب کے فوراً بعد 6 نوافل

معمولاتِ اولیائے کرام سے ہے کہ مغرب کے فرض وسنّت وغیرہ کے بعد 6 رَکعت نفل 2،2 رَکعت کر کے ادا کئے جائیں۔ پہلی دو رَکعتوں سے پہلے یہ نیت کیجئے: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ ان 2 رَکعتوں کی برکت سے مجھے درازیِ عمر بالخیر عطا فرما۔'' دوسری 2 رَکعتوں میں یہ نیت فرمائیے: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ ان 2 رکعتوں کی بَرَکت سے بلاؤں سے میری حفاظت فرما۔'' تیسری 2 رَکعتوں کیلئے یہ نیت کیجئے: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ ان 2 رَکعتوں کی برکت سے مجھے اپنے سوا کسی کا محتاج نہ کر۔'' ان 6 رَکعتوں میں **سُوْرَۃُ الْفَاتِحَہ** کے بعد جو چاہیں وہ سورتیں پڑھ سکتے ہیں، چاہیں تو ہر رَکعت میں **سُوْرَۃُ الْفَاتِحَہ** کے بعد 3،3 بار **سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص** پڑھ لیجئے۔ ہر 2 رَکعت کے بعد 21 بار **قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَد** (پوری سورت) یا ایک بار **سُوْرَۂ یٰسٓ** شریف پڑھئے بلکہ ہو سکے تو دونوں ہی پڑھ لیجئے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی ایک اسلامی بھائی بلند آواز سے **سُوْرَۂ یٰسٓ** شریف پڑھیں اور دوسرے خاموشی سے خوب کان لگا کر سنیں۔ اس میں یہ خیال رہے کہ سننے والا اِس دَوران زَبان سے **یٰسٓ** شریف بلکہ کچھ بھی نہ پڑھے اور یہ مسئلہ خوب یاد رکھئے کہ جب قراٰنِ کریم بلند آواز سے پڑھا جائے تو جو لوگ سننے کیلئے حاضر ہیں اُن پر فرضِ عین ہے کہ چپ چاپ خوب کان لگا کر سُنیں۔ **اِنْ شَآءَ اللہ** عَزَّوَجَلَّ رات شروع ہوتے ہی ثواب کا اَنبار لگ جائے گا۔ ہر بار **یٰسٓ** شریف کے بعد **''دُعائے نصف شعبان''** بھی پڑھئے۔ (مزید معلومات جاننے کے لیے رسالہ "آقا کا مہینا" کا مطالعہ کیجئے)

۞ جدول میں نگرانِ کابینات یا رکنِ شوریٰ کے مشورے سے ترمیم کی جاسکتی ہے۔

۞ اپنے شہر کی جماعتِ عشاء کے وقت کے بعد 1 گھنٹے کے اندر اندر اجتماعِ ذکر و نعت کا آغاز کر دیا جائے۔

۞ گتے اور پینا فلیکس لگانے کی حاجت نہیں، دعوت سینہ بہ سینہ (بالمشافہ) دی جائے نیز شخصیات (علماء و مشائخ، تاجران وغیرہ) کو بھی مدعو کیا جائے۔

۞ **شبِ براءَت** کے اجتماعِ ذکر و نعت کے لئے شہر و اطراف سے گاڑیاں چلانے کی بھرپور ترکیب کی جائے، اس کے لئے عشر و اطراف گاؤں کی مجلس کے ذمہ داران کو بھی متحرک (Active) کیا جائے۔

۞ گاؤں میں بھی جو بڑے گاؤں، بہت سے گاؤں کے مرکز ہیں، وہاں **شبِ براءت** کے اجتماعات اور پھر **پورے ماہِ رمضان اور آخری عشرے کے سنت اعتکاف** کی بھرپور دعوت دی جائے۔

www.dawateislami.net

❁متعلقہ رکنِ شوریٰ یا نگرانِ کابینات یا نگرانِ کابینہ یا ڈویژن مشاورت کے نگرانِ، اجتماعِ ذکر و نعت میں **تلاوت**، **نعت** اور بیان کرنے والے مبلغین و نعت خواں کا مشورہ، اجتماعِ ذکر و نعت سے کم از کم **5 دن قبل** کر لیں۔

❁**شبِ براءَت** کے اجتماعِ ذکر و نعت کے لئے ایک **انتظامی مجلس** بنا دی جائے جو کہ کم و بیش 5 اسلامی بھائیوں پر **مشتمل** ہو۔ ان اسلامی بھائیوں میں **مختلف** کام تقسیم ہوں اور حسبِ ضرورت سب اسلامی بھائیوں کے ساتھ ان کے معاونین بھی ہوں۔

❁ **مجلس اجتماعِ ذکر و نعت کے مختلف کام:** ☆حفاظتی امور ☆لائٹ ☆ساؤنڈ ☆جنریٹر مع آپریٹر ☆خیر خواہ (جو ادھر اُدھر گھومنے پھرنے والوں کو نرمی کے ساتھ اجتماع گاہ میں بیٹھنے کی درخواست کریں) ☆**منچ ذمہ دار** ☆**مجلسِ لنگرِ رضویہ** ☆**پارکنگ** ☆بستہ مکتبۃ المدینہ، بستہ مالیات وغیرہ۔

❁اجتماع گاہ میں مین داخلی دروازے پر **دعوتِ اسلامی کے 103 شعبہ جات** کا **پینا فلیکس** نمایاں لگایا جائے۔

❁**مالیات والے**، ٹیبل کرسی رکھ کر بیٹھے ہوں اور رسید بکس بھی ہوں تا کہ **مدنی عطیات جمع** کرنے والوں کو دشواری نہ ہو۔ (کسی ایک رنگ کی جھولی کی ترکیب بھی کی جا سکتی ہے)

❁شرکائے اجتماع کو **15 شعبان** کا **روزہ** رکھنے کی ترغیب دلائی جائے، سحری کے **انتظامات** کے لئے ابھی سے **مجلس لنگرِ رضویہ** کو متحرک کیا جائے۔

❁ کسی **صحیح خواں خُوش اِلحَان قاری** سے **تلاوت** کروائی جائے۔ تلاوت کے بعد حمد کی ترکیب کی جائے **مثلاً یااللہ یااللہ**، **پھر مُناجات** (وسائلِ بخشش سے)

❁اجتماعِ ذکر و نعت و دعا کا **اختتام** سحری کے **اختتامی وقت** سے 1 گھنٹہ پہلے تک ہو جائے تا کہ اسلامی بھائی بآسانی سحری یا سیری (لنگرِ رضویہ) کر سکیں۔

❁**کلام صرف اِنہی علمائے اہلسنّت کے پڑھے جائیں:** سیدی اعلیٰ حضرت، مولانا حسن رضا خان، مفتی اعظم ہند مولانا **مصطفی** رضا خان، مولانا حامد رضا خان، صدر الافاضل سید محمد نعیمُ الدّین مُراد آبادی، مفتی احمد یار خان نعیمی، مدّاحُ الحبیب مولانا جمیل الرّحمن رضوی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ

❁اجتماع کی کارکردگی اگلے دن ہی **متعلقہ کابینات مکتب** میں میل کر دی جائے۔

پاکستان انتظامی کابینہ مکتب (6 شعبان المعظم 1438ھ، 3 مئی 2017ء)

www.dawateislami.net